# آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## نوٹیفکیشن :-

ہرگاہ! اعلان کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونیوالے امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ دوم/کمپوزٹ/پارٹ اوّل سیکنڈ اینول 2026ء کا انعقاد نومبر کے آخری ہفتہ میں متوقع ہے۔اس امتحان سے متعلق فارم ہا داخلہ کی آن لائن فیڈنگ مورخہ 06 اکتوبر 2026ء سے شروع ہوگی۔اس امتحان میں شرکت کے خواہشمند امیدواران بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.ajkbise.net سے رجوع کریں۔امتحانی فیس کی ادائیگی کے لئے صرف Online کمپیوٹرائزڈ چالان ہی استعمال کرنا ہوگا۔

لہذا شیڈول کے مطابق امتحانی فیس/ پروسیسنگ فیس صرف Online کمپیوٹرائزڈ فیس چالان پر ہی جمع کروائیں۔امتحانی فیس JazzCash, easypisa اور HBL Connect App کے ذریعے جمع کروائی جاسکتی ہے۔

**سیکنڈ اینول امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ دوم/کمپوزٹ/پارٹ اوّل 2026 میں بذیل کٹیگری کے امیدواران ہی شامل امتحان ہوسکیں گے۔**

☆ پارٹ دوم کے ایسے ریگولر امیدواران جن کا داخلہ بوجہ کمی حاضری لیکچرز یا گریڈ "F" کی بنا پر امتحان انٹر فرسٹ اینول 2026 میں ارسال نہیں کیا گیا۔

☆ ایسے ریگولر و پرائیویٹ رجسٹرڈ امیدواران (پارٹ دوم/کمپوزٹ/پارٹ اوّل) جو امتحان انٹر فرسٹ اینول 2026 میں داخلہ ارسال نہ کر سکے۔

☆ امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2026 میں کمپوزٹ شامل ہو کر کمپارٹمنٹ حاصل کرنے/فیل ہونے والے امیدواران۔

☆ بہتری نمبرات/اضافی مضمون/مضامین بعد از پاس السنہ شرقیہ، شہادۃ الثانویہ خاصہ، میڈیکل ٹیکنالوجی ڈپلومہ انٹرمیڈیٹ کے لازمی و اختیاری مضامین میں شامل ہونے والے امیدواران۔

☆ حکومتی نوٹیفکیشن نمبر ایچ ای ڈی/ادوئم/12442-51/ مورخہ 12-08-2026 کے تحت انٹر پارٹ اوّل فرسٹ اینول 2026ء کے تمام ایسے ریگولر و پرائیویٹ امیدواران (پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، سائنس جنرل، علم و ادب، کامرس) پارٹ دوم میں پروموٹ ہو چکے ہیں اور اُن کے امتحان انٹر پارٹ دوم فرسٹ اینول 2027ء کے مساوی نمبرات پارٹ اوّل کے پرچہ جات میں لگائے جائیں گے۔تاہم بوجوہ اگر وہ امتحان انٹر پارٹ اوّل سیکنڈ اینول 2026ء میں شامل امتحان ہونا چاہیں تو ہو سکتے ہیں۔

**اس امتحان کے لیے پرائیویٹ/ریگولر داخلہ فارم کی تکمیل بذیل شیڈول کے مطابق Online سسٹم کے ذریعے ہوگی۔**

### شیڈول برائے Online وصولی فیس امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ دوم، کمپوزٹ، پارٹ اوّل) سیکنڈ اینول 2026

| **انٹر پارٹ دوم/ کمپوزٹ / پارٹ اوّل**<br>ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لئے | **انٹر پارٹ دوم/ کمپوزٹ / پارٹ اوّل فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز دستی و بذریعہ ڈاک دفتر بورڈ وصولی کا شیڈول**<br>ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لئے |
|---|---|
| سنگل فیس کے ساتھ 06-10-2026 تا 15-10-2026 تک | سنگل فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ 20-10-2026 تک |
| دوگنا فیس کے ساتھ 16-10-2026 تا 25-10-2026 تک | دوگنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ 30-10-2026 تک |
| تین گنا فیس کے ساتھ 26-10-2026 تا 31-10-2026 تک | تین گنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ 05-11-2026 تک |
| چار گنا فیس کے ساتھ 01-11-2026 تا 03-11-2026 تک | چار گنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ 07-11-2026 تک |
| پانچ گنا فیس کے ساتھ 04-11-2026 تا 05-11-2026 تک | پانچ گنا فیس کے ساتھ ہارڈ کاپیز کی وصولی کی آخری تاریخ 10-11-2026 تک |

### اشراح فیس ہا داخلہ

**اشراح فیس ہا داخلہ برائے ریگولر اُمیدواران**

| گروپ | پارٹ اوّل | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|
| سائنس | 2070 | 2070 | 3640 |
| علم و ادب اور کامرس | 2000 | 2000 | 3500 |

**اشراح فیس ہا داخلہ پرائیویٹ اُمیدواران کے لیے**

| گروپ | پارٹ اوّل | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|
| سائنس | 2150 | 2150 | 3800 |
| علم و ادب اور کامرس | 2070 | 2070 | 3640 |

رجسٹریشن فیس

**رجسٹریشن فیس انٹرمیڈیٹ/السنہ شرقیہ کل =/2775 روپے (رجسٹریشن فیس -/1575 + سند فیس -/500 + سکالرشپ فیس -/200 + پروسیسنگ فیس -/500 روپے)**

### Online داخلہ کے سلسلہ میں خصوصی ہدایات

1 ریگولر اُمیدواران کے فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپیز) متعلقہ ادارہ کے پرنسپل جبکہ پرائیویٹ اُمیدواران کے فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپیز) درج ذیل آفیسران ہی تحت قواعد تصدیق کرنے کے مجاز ہیں:۔
**i۔ آزاد کشمیر کی علاقائی حدود میں واقع سرکاری ہائی سکولز کے صدر معلمین/صدر معلمات، پرنسپل صاحبان/صاحبات کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز/پروفیسرز/لیکچرز ماہرین مضامین صاحبان/صاحبات۔**
**ii۔ آفیسر کمانڈنگ (صرف فوجی اُمیدواران کے لیے) iii۔ سپرنٹنڈنٹ جیل (صرف قیدیوں کے لیے)**

2 انٹر پارٹ اوّل/دوم سیکنڈ اینول 2026ء میں شرکت کرنے والے پرائیویٹ اُمیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم اور فیس پرت Online فیڈ کریں اور پرنٹ (A-4 کاغذ پر) حاصل کرنے کے بعد کمپیوٹرائزڈ فیس چالان کے ذریعے فیس JazzCash, easypisa اور HBL Connect App کے ذریعے جمع کروا کر اصل فیس چالان کی (بورڈ کاپی) فیس پرت کے ساتھ چسپاں کر کے ہمراہ فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) بعد از تصدیق مجاز آفیسر بورڈ ہذا کو ارسال کریں اور داخلہ فارم کی (فوٹو کاپی) اپنے ریکارڈ میں ضرور رکھیں۔نیز فارم داخلہ کے تینوں پرتوں پر امیدوار اردو اور انگریزی میں اپنے دستخط بھی ضرور ثبت کریں۔

3 گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن لینے کے لئے ریگولر/پرائیویٹ اُمیدواران گیارہویں جماعت کا سابقہ رول نمبر فیڈ کر کے Online فارم داخلہ فیڈ کر سکتے ہیں۔

4 ریگولر اُمیدواران کے لیے تمام ادارے اپنے **Online Account** کے ذریعے رجسٹریشن کی طرح پہلے سے فیڈ شدہ رجسٹرڈ اُمیدواران کے ایڈمیشن فارمز کے مضامین کے گروپ وائز **batches** بنائیں گے۔ادارہ اپنی مرضی سے ایک یا ایک سے زائد **batches** بنا سکتا ہے۔**batch** بنانے کے بعد صرف کمپیوٹرائزڈ چالان پر ہی فیس جمع کروانا ہوگی۔

5 تمام سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ڈیٹا کو **verify** کرنے کے بعد ہی **Admission batches** بنائیں۔بصورت دیگر **batch** کو **Delete** کرنے کی فیس مبلغ **-/2000** روپے **HBL** کی برانچز میں جمع کروا کر اصل چالان بورڈ کو ارسال کرنے کے بعد ہی **batch delete** کرکے نیا بیچ بنایا جاسکتا ہے۔

6 سربراہان ادارہ جات ریگولر فارم ہا داخلہ کی **Online** فیڈنگ کے بعد پرنٹ حاصل کرتے وقت **داخلی تخمینی گریڈ فارم** بھی **Download** کریں اور فارم داخلہ کی ہارڈ کاپی اور گریڈ فارم ہر لحاظ سے مکمل کرکے بعد از تصدیق/مہر ثبت کرنے کے بعد بنام (کنٹرولر امتحانات کالجز) اندر شیڈول ارسال کریں۔بصورت دیگر تحت قواعد تاخیری جرمانہ لاگو ہوگا۔

7 سربراہان ادارہ جات فارم داخلہ کی ہارڈ کاپیز کے ساتھ فیس داخلہ کے چالان کی بورڈ کاپی اور ایڈمشن ریونیولسٹ کا پرنٹ بہر صورت ارسال کریں۔

8 ایڈمیشن فارم کا پرنٹ/ ہارڈ کاپی اُسی وقت نکالی جائے جب کسی اُمیدوار کے کوائف/مضمون یا تبدیلی گروپ کے تمام کالم مکمل ہو چکے ہوں۔اگر ایڈمیشن فارم کا پرنٹ بورڈ کو بھیج دیا گیا ہو اور بعد میں گروپ/مضمون/کوئی دیگر درستگی کروانی مقصود ہوگی تو ایسی صورت میں درستگی فیس مبلغ **=/1000** روپے جمع کروا کر اصل فیس چالان کی بورڈ کاپی ہمراہ درخواست ارسال کرنا ہوگی۔کسی بھی قسم کا مینول فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

9 علم وادب گروپ کے پرائیویٹ فریش اُمیدواران مضمون **فزیکل ایجوکیشن اور کامرس گروپ** کے پرائیویٹ فریش اُمیدواران مضمون **کمپیوٹر سٹڈیز** اختیار کر سکتے ہیں۔اس **کیٹیگری** کے حامل اُمیدواران فیس (سائنس گروپ) کی ادا کریں گے۔تاہم پرائیویٹ امیدواران متذکرہ مضامین کے علاوہ عملی امتحان کے حامل دیگر مضامین اختیار کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔

10 اگر کوئی اُمیدوار کسی مضمون/مضامین میں ذریعہ امتحان/میڈیم (انگلش) اختیار کرنا چاہے تو فارم ہا داخلہ پر بھی ذریعہ امتحان/میڈیم (انگلش) درج کرنا ضروری ہوگا نیز اس کی منظوری کے لیے درخواست مجوزہ فارم پر ہمراہ فارم داخلہ الگ سے ارسال کریں۔بصورت دیگر دفتر ہذا ذمہ دار نہ ہوگا۔

11 اُردو لازمی کی بجائے پاکستانی کلچر کا تحت قواعد وہی اُمیدواران امتحان دینے کے اہل ہیں جو غیر ملکی شہریت کے حامل ہوں یا پاکستانی شہریت کے حامل ایسے اُمیدواران جو مسلسل آخری **3** سال بیرون ملک رہے ہوں بشرطیکہ ہر دو **کیٹیگریز** کے اُمیدواران نے میٹرک سطح تک اُردو لازمی نہ پڑھا ہو۔ایسے اُمیدواران کی پاسپورٹ کی (مصدقہ نقول) درخواست کے ساتھ شامل کرکے قبل از وقت منظوری حاصل کی جائے اور منظوری کی کاپی فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) کے ساتھ شامل کی جائے اور فارم داخلہ (ہارڈ کاپی) کے متعلقہ کالم میں نشاندہی کی جائے۔
او لیول کا امتحان پاس کرنے والے امیدواران **IBCC** سے ایکولینس سرٹیفکیٹ حاصل کرکے مصدقہ کاپی فارم داخلہ کی (ہارڈ کاپی) کے ساتھ شامل کریں۔

12 تبدیلی گروپ فیس **-/3000** روپے اور تبدیلی مضامین **-/1500** روپے فی مضمون مقرر ہے۔تبدیلی گروپ/مضامین کا پروسیس **Online** ہوگا اور داخلہ فیس جمع کرواتے وقت اسی چالان پر یہ فیس بھی جمع کروانا ہوگی۔

13 **other boards** سے متعلق پرائیویٹ اُمیدواران میٹرک پاس کرنے کے ایک سال بعد انٹر پارٹ اوّل میں جبکہ میٹرک پاس کرنے کے دو سال بعد **(کمپوزٹ)** پارٹ اوّل و دوم میں شامل ہو سکیں گے جس کے لیے انہیں فارم داخلہ کی **(ہارڈ کاپیز)** کے ہمراہ اصل **(NOC)** مائیگریشن سرٹیفکیٹ + رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقول ارسال کرنا ہوں گی۔نیز **verification** فیس مبلغ **-/1000** روپے مقرر ہے جو داخلہ فارم کے چالان پر ہی جمع ہوگی۔

14 ریگولر طلباء وطالبات کی رول نمبر سلپس امتحان کے آغاز سے ایک ہفتہ قبل سربراہان ادارہ جات اپنے ادارہ کے **Online Account** سے حاصل کر سکیں گے۔تاہم پرائیویٹ امیدواران اپنے رجسٹریشن نمبر/ایپ نمبر کے ذریعے رولنمبر زسلپس **(Online)** بورڈ کی ویب سائیٹ سے حاصل کر سکیں گے۔

15 ہر فیس داخلہ میں کشمیر لبریشن سیس **(KLC)** مبلغ **-/2** روپے شامل ہیں۔

**Online** ایڈمیشن سے متعلقہ معلومات کے لیے ان نمبرز پر رابطہ کریں **05827-960070-71** جبکہ امتحانی قواعد سے متعلق معلومات کے لیے **05827-960006** اور **05827-960042 Ext 117,141** پر رابطہ کریں۔

| | |
|---|---|
| **نوٹ** | پارٹ اوّل/ دوم/کمپوزٹ /ریگولر/پرائیویٹ اُمیدواران کے لیے **Online** ایڈمیشن کی ہدایات ایک کتابچہ کی صورت میں بورڈ کی ویب سائٹ **www.ajkbise.net** پر دستیاب ہوں گی اور با آسانی **Download** کرکے پرنٹ کی جاسکیں گی۔ |

01-10-26

(محمد مسعود چوہدری)
کنٹرولر امتحانات کالجز
05827-960006

نمبر بورڈ/انٹر/ 2511-2620/ 2026ء مورخہ 01-10-26

1/x/26

**نقل بالا بخدمت:**

1 پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2 سیکریٹری صاحب بورڈ۔
3 سسٹم انالسٹ صاحب بورڈ۔
4 پرگرامر صاحبان شعبہ کمپیوٹر آن لائن و آف لائن۔
5 کنٹرولر صاحبان/صاحبات امتحانات تعلیمی بورڈ راولپنڈی/ بہاولپور/ ملتان/ لاہور/ ساہیوال/ فیصل آباد/ گوجرانوالہ/ سرگودھا/ ڈیرہ غازی خان/ سکھر/ حیدرآباد/ ثانوی بورڈ کراچی/ انٹر بورڈ کراچی/ پشاور/ ایبٹ آباد/ کوئٹہ/ سوات/ بنوں/ کوہاٹ/ فیڈرل بورڈ اسلام آباد/ آرمڈ سروسز بورڈ ہائیر ایجوکیشن **G.H.Q** راولپنڈی/ آزاد کشمیر یونیورسٹی مظفر آباد/ **MUST** میرپور آزاد کشمیر۔
6 ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان/صاحبات سکولز/ کالجز میرپور، مظفر آباد، پونچھ ڈویژن۔
7 پرنسپل صاحبان/صاحبات کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز آزاد کشمیر۔
8 ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
9 ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان/صاحبات (سیکنڈری) آزاد کشمیر (**میرپور/ بھمبر/ کوٹلی/ مظفر آباد/ ہٹیاں بالا/ نیلم/ سدھنوتی/ پونچھ/ باغ/ حویلی کہوٹہ**)۔
10 منیجر صاحب **HBL** مین بازار برانچ میرپور **مرسل ہو کر تحریر ہے کہ اپنی برانچز کو مطلع کرتے ہوئے مطابقا کارروائی کی ہدایت فرمائیں۔**
11 منیجر صاحبان **HBL** جملہ برانچز آزاد کشمیر۔
12 ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور/مظفر آباد/تراڑکھل/ ڈائریکٹر صاحب **FM** ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ **F/1** میرپور آزاد کشمیر۔
13 نمائندہ صاحب **JK/APP/PTV/GEO** نیوز میرپور بغرض اشاعت خبر۔
14 **نمائندہ صاحب روزنامہ جنگ/ نوائے وقت/ پاکستان/ خبریں/ اوصاف/ جموں و کشمیر/ عدالت/ روشنی/ شاہین/ کشمیر نامہ/ صدائے چنار/ کشمیر ایکسپریس/ کشمیر ٹائمز/ اڑان میرپور بغرض بطور خبر۔**
15 **سسٹم انالسٹ صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض اطلاع/ کارروائی۔ انچارج علاقائی رابطہ دفاتر بورڈ ہذا۔**
16 **داخلی تقسیم/ متعلقہ مسل/ آفس ریکارڈ/ نوٹس بورڈ۔**